رہبر معظم کا حجۃ الاسلام شیخ مہدی قاضی کی رحلت پر تعزیتی پیغام - 26 /Nov/ 2009

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے حجۃ الاسلام والمسلمین آقای حاج شیخ مہدی قاضی کی رحلت پر تعزیتی پیغام ارسال کیا ہے۔

پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جناب حجۃ الاسلام والمسلمین آقای حاج شیخ مہدی قاضی کی دردناک رحلت پر ان کے خاندان والوں ، ارادتمندوں‌اور دوستوں کو تعزیت و تسلیت پیش کرتا ہوں مرحوم ایک فداکار ، خدمتگذار اور دانا و توانا عالم تھے ، انقلاب اسلامی سے قبل اور انقلاب اسلامی کے دوران ممتاز اور گرانقدر خدمات کی بدولت وہ معاشرے اور حوزہ علمیہ کی ایک‌بے‌مثال شخصیت بن کر ابھرے ان کی رحلت افسوسناک ہے۔

اللہ تعالی سے مرحوم کی بخشش و مغفرت اور ان کی فدا کاری وجد وجہد کے لئے اجر جزیل طلب کرتا ہوں ۔

سید علی خامنہ ای

5/آذر/1388